© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارالاحرار

## اسلام آباد میں دینی تربیتی کورس میں عبداللطیف خالد چیمہ اور مولانا محمد مغیرہ کا خطاب

اسلام آباد (29۔جون) جامعہ محمدیہ F-6/4 اسلام آباد میں جاری تربیتی کورس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ممتاز علماء کرام، مذہبی سکالرز اور دانشوروں نے کہا ہے کہ دینی اقدار کے تحفظ کے لئے نوجوان نسل کو کمر بستہ ہو جانا چاہیے، جدید وقدیم فتنوں سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ اہل دین سے وابستہ ہوا جائے، مولانا ڈاکٹر محمد الیاس فیصل (مدینہ منورہ) مجلس احرارِ اسلام کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور تحریک ختم نبوت کے رہنما مولانا محمد مغیرہ (چناب نگر) نے اپنے لیکچرز میں کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت کا تحفظ ملک کے نظریاتی وجغرافیائی دفاع کے لئے از حد ضروری ہے، انہوں نے کہا کہ قادیانی وطن عزیز کی سلامتی کے لئے سنگین خطرہ ہیں، لیکن بین الاقوامی طاقتیں، سیکولر لابیاں اور پاکستان کے مقتدر حلقے فتنہ اِرتداد مرزائیہ کو پرموٹ کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ بھٹو مرحوم نے اڈیالہ جیل میں ڈیوٹی آفیسر کرنل رفیع الدین سے کہا تھا کہ ''قادیانی پاکستان میں وہی حیثیت حاصل کرنا چاہتے ہیں جو یہودیوں کو امریکہ میں حاصل ہے'' انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت بھی 1974ء کی قراردادِ اقلیت اور 1984ء کے امتناع قادیانیت ایکٹ پر عمل درآمد نہیں کروا رہی، مقررین نے کہا کہ تحفظ ناموس رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) کے قانون کے خلاف عالمی سطح پر خطرناک سازشیں ہو رہی ہیں، ایسے میں دینی قوتوں کو صورتحال کا حقیقی ادراک کر کے بین الاقوامی سطح پر مؤثر لابنگ کے لئے کردار ادا کرنا چاہیے۔

## ملتان میں خواتین کے لیے دوروزہ ختمِ نبوّت کورس

ملتان (۳؍جولائی) مجلس احرارِ اسلام اور تحریک تحفظ ختمِ نبوّت کے مرکزی ناظم تبلیغ مولانا محمد مغیرہ (خطیب مسجد احرار، چناب نگر) ۲؍جولائی ۲۰۱۳ء کو دارِ بنی ہاشم میں تشریف لائے۔ ۳؍اور ۴؍جولائی بدھ، جمعرات کو مولانا محمد یعقوب کی دعوت پر جامعہ فاطمۃ الزہراء گل زیب کالونی میں خواتین کو ختمِ نبوت پر لیکچرز دیے۔ کورس کے اختتام پر عقیدۂ ختمِ نبوّت کے تحفظ کی دعوت اور قادیانیت کی تردید ومحاسبہ پر مشتمل لٹریچر تقسیم کیا گیا۔

## ختمِ نبوّت کانفرنس سیالکوٹ میں عبداللطیف خالد چیمہ کا خطاب

سیالکوٹ (4 جولائی) تحریک ختم نبوت کے رہنماء اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ امریکی استعمار کے سامنے دنیا بھر میں صرف مذہبی طبقات ہی ڈٹے ہوئے ہیں، 1953ء کی ختم نبوت کی تحریک میں دس ہزار شہداء نے قادیانی اِرتداد کا راستہ خون دے کر روکا ورنہ یہ ملک قادیانی سٹیٹ بن چکا ہوتا، قادیانیوں کے مذہبی تعاقب کے ساتھ ساتھ سیاسی تعاقب بھی از حد ضروری ہے وہ ختم نبوت یوتھ فورس پاکستان کے زیر اہتمام سیالکوٹ میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے، انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے اپنے دورِ اقتدار میں جو'' کارہائے نمایاں'' سرانجام دیے ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ قادیانی فتنے کو اہم پوسٹوں پر تعینات کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حاجی نمازی حکمرانوں نے تحریکِ ختمِ نبوت 1953ء کو کچلنے کے لیے ہلاکوؤں اور چنگیزوں کا کردار ادا کیا جبکہ بھٹو مرحوم نے قادیانیوں کو پارلیمنٹ کے فلور پر غیر مسلم اقلیت قرار دینے میں اہم کردار ادا کیا، انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بھٹو مرحوم کے تحفظ ختم نبوت کے تاریخی کردار سے مسلسل انحراف کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ قانون تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف بین الاقوامی سازشیں ہورہی ہیں گزشتہ اہتمام کریں گے ان دنوں برسلز میں عیسائی رہنماؤں کا ایک اجلاس ہوا جس میں 295۔سی کو ہدف بنایا گیا،انہوں نے کہا کہ پاکستانی حکمران اور سیاستدان اپنی صفوں سے قادیانی ایلیمنٹ کو نکال باہر کریں،انہوں نے کہا کہ قادیانی اسلام اور وطن دونوں کے دشمن ہیں،ان کے بارے نرم گوشہ رکھنے والے سیاستدان ملک وملت سے ہرگز مخلص نہیں ہوسکتے، عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ چناب نگر (ربوہ) سمیت ملک بھر میں قادیانیوں بارے قوانین پر عملدرآمد نہیں ہورہا،انہوں نے کہا کہ کلیدی اور بعض انتہائی حساس عہدوں پر قادیانی مسلط ہیں جبکہ قادیانی متفقہ آئینی حیثیت تسلیم کرنے کی بجائے پارلیمنٹ اور اعلیٰ عدالتوں کے فیصلوں کو ماننے سے مسلسل انکاری ہیں،انہوں نے کہا کہ قادیانی اپنی تعداد اور آبادی بتاتے وقت مرزا غلام احمد قادیانی کے فارمولے کے مطابق دجل وجھوٹ سے کام لیتے ہیں،حکومت کے لئے ضروری ہے کہ قادیانی ووٹروں اور قادیانیوں کی اصل تعداد سے قوم کو آگاہ کریں انہوں نے کہا کہ اسلام امن وآشتی کا مذہب ہے، ملک میں افراتفری امریکی مداخلت کا شاخسانہ ہے اور ملک کو ناکام ریاست دلوانے کی خطرناک سازش کا حصہ ہے،کانفرنس سے پیر جی سید شبیر احمد شاہ گیلانی،ختم نبوت یوتھ فورس پاکستان کے صدر سید محبوب احمد شاہ گیلانی اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا،عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مبلغ مولانا فقیر اللہ، جناب محمد آصف بھلی محمد امجد احرار، قاری مسعود احمد سعادت اور دیگر شخصیات بھی موجود تھیں اجتماع مولانا محمد عمران بشیر کی دعا پر اختتام پذیر ہوا۔

## رمضان......قرآن اور خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کا مہینہ ہے (سید محمد کفیل بخاری)

لاہور (۷/جولائی) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر سید محمد کفیل بخاری نے ۷/جولائی ۲۰۱۳ء بعد نماز مغرب مرکزی دفتر مجلس احرارِ اسلام میں استقبال رمضان المبارک کے عنوان پر درس قرآن کریم دیا۔انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک زندگیوں میں انقلاب برپا کرنے، دلوں کو اللہ کی طرف موڑنے، اللہ کے ذکر سے دلوں کی ویران بستیوں کو آباد ومنوّر کرنے، اعمال کی اصلاح ومحاسبہ کرنے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کا مہینہ ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ مہلت زندگی کے ساتھ ہے۔مرنے کے بعد تو نماز، روزہ، تلاوتِ قرآن اور دیگر فرائض کی ادائیگی نہیں ہوسکے گی۔اللہ تعالیٰ نے یہ سنہری موقع عطا فرمایا ہے ہم اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں تو دنیا وآخرت سنور جائے گی۔انہوں نے کہا کہ رمضان اللہ کا مہمان اور قرآن کا مہینہ ہے۔اسی میں قرآن نازل ہوا۔اس مہینے میں ایمان والے قرآن پڑھنے اور سننے کا جتنا اہتمام کریں گے اس سے کئی گنا زیادہ اجر ملے گا۔اسی طرح رمضان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مہینہ ہے کہ قرآن حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر رمضان میں نازل ہوا۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں بہت زیادہ عبادت فرماتے اور بے انتہا سخاوت فرماتے۔اس لحاظ سے ہم پر فرض ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے منصبِ ختم نبوت کے تحفظ، عقیدۂ ختمِ نبوّت کی تبلیغ ودعوت اور منکرینِ ختمِ نبوت قادیانیوں کی تردید، محاسبے اور تعاقب کے لیے اپنی ساری قوتوں اور صلاحیتوں کو صرف کردیں۔

## حدود اللہ کے خلاف مہم فکری ارتداد ہے (عبداللطیف خالد چیمہ)

لاہور (8۔جولائی) تحریکِ ختمِ نبوت کے رہنما اور مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبدالطیف خالد چیمہ نے عاصمہ جہانگیر کی طرف سے قرآنی واسلامی سزاؤں کو ختم کرنے کے مطالبے کو عالمی استعماری ایجنڈے کا حصہ قرار دیتے ہوئے ہدف تنقید بنایا ہے صحافیوں سے بات چیت میں انہوں نے کہا کہ بظاہر انسانی حقوق کے نام پر کام کرنے والی عاصمہ جہانگیر کا یہ کہنا ہے کہ ''پھانسی یا ہاتھ کاٹنا احتساب نہیں'' دراصل جرائم اور جرائم پیشہ افراد کی حوصلہ افزائی ہے۔انہوں نے کہا کہ سزائے موت قرآنی وآسمانی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تعلیمات میں مقرر کی گئی ہے تاہم کسی بے گناہ کو سزائے موت کا اسلامی قوانین میں ہرگز کوئی تصور نہیں، انہوں نے کہا ہے کہ ایمنسٹی انٹرنیشنل یا انسانی حقوق کی تنظیموں کا یہ کہنا خلاف واقعہ ہے کہ سزائے موت یا اسلامی سزاؤں سے جرائم کی شرح میں کمی نہیں ہوئی ،سعودی عرب سمیت جن ممالک میں اسلامی سزاؤں کا قانون نافذ ہے وہاں جرائم کی شرح 99 فیصد کم ہے، انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا ہے کہ اسلامی سزاؤں اور تعزیزات کے خلاف پراپگنڈہ امریکہ، یورپ اور عالمی کفریہ طاقتوں کا ایجنڈا ہے اور کچھ لوگ اس کفریہ ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے لئے ملکی سلامتی کو بھی داؤ پر لگا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ اسلامی سزاؤں اور تعزیرات پر تنقید بانیٔ پاکستان کے تصورات اور قیام ملک کی نفی ہے، اسلام اور اسلامی سزاؤں کے خلاف مہم فکری اِرتداد ہے اور خلاف اسلام اس مہم کا راستہ روکنا دینی جماعتوں کی ذمہ داری ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اگر سزائے موت ختم کرنے کے لئے موجودہ حکومت نے آئین میں ترمیم لانے کی کوشش کی تو متحدہ تحریک ختمِ نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان مزاحمتی کردار ادا کرے گی ، انہوں نے کہا کہ ن لیگ کی حکومت اسلامی نظریۂ حیات کو پروان چڑھائے ورنہ اِس کا حشر پیپلز پارٹی سے بھی بدتر ہوگا، انہوں نے مزید کہا کہ جرمنی میں وطن عزیز کے خلاف قادیانی سازشیں بڑھی ہیں جبکہ جرمنی میں پاکستانی سفارت خانے کی اِس حوالے سے کارکردگی مایوس کن ہے اور سفارت خانہ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کر رہا انہوں نے بتایا کہ مجلس احرارِ اسلام جرمنی اور اسلامی رابطہ کونسل عقیدۂ ختمِ نبوت کے تحفظ کے حوالے سے جرمنی میں مسلمانوں کی نمائندگی کر رہی ہیں۔

## شیخ محمد اکرم رحمہ اللہ کی یاد میں تعزیتی اجلاس

ساہیوال (25۔ جولائی) تحریک ختمِ نبوت ساہیوال کے قدیم کارکن شیخ محمد اکرم رحمتہ اللہ علیہ (اتحاد ریسٹورانٹ والے) کی یاد میں احباب کا تعزیتی اجلاس مرحوم کے لواحقین کی میزبانی میں سکیم نمبر 3 ساہیوال میں منعقد ہوا، عبداللطیف خالد چیمہ نے مرحوم کی تحفظ ختمِ نبوت کے حوالے سے خدمات پر روشنی ڈالی، قاری منظور احمد طاہر، قاری محمد قاسم چیچہ وطنی اور دیگر احباب نے بھی شرکت کی۔

یوم تحفظ ختم نبوت کے مبارک موقع پر
سالانہ تحفظ ختم نبوت کانفرنس لاہور
توحید وختم نبوت کے علمبردارو ایک ہو جاؤ! (سید ابوذر بخاریؒ)
7 ستمبر 2013ء ہفتہ، بعد نماز عشاء
دفتر احرار 69/c حسین سٹریٹ وحدت روڈ، نیو مسلم ٹاؤن لاہور
زعمأ احرار کے علاوہ تمام مکاتب فکر کے جید علماء کرام دینی جماعتوں کے رہنما اور دانشور خطاب فرمائیں گے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ
احرار کارکن اور عوام بھرپور شرکت فرما کر کانفرنس کو کامیاب کریں
زیر صدارت
ابن امیر شریعت حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ
امیر مجلس احرار اسلام پاکستان
تحریک تحفظ ختم نبوۃ شعبہ تبلیغ مجلس احرار اسلام لاہور
0300-4240910
042-35912644



© rasailojaraid.com